ماہنامہ 'رشد' لاہور کا قراءات نمبر سرپرست: حافظ عبدالرحمن مدنی مدیر: حافظ انس نضر مدنی

حضرت مولانا حافظ عبدالرحمن مدنی عرصۂ دراز سے ماہنامہ 'محدث' نکال رہے ہیں۔ اس ماہنامے میں حالات حاضرہ کی مناسبت سے کتاب وسنت کی روشنی میں بڑے وقیع مضامین ہوتے ہیں۔ اب عملاً ماہنامہ محدث کی اِدارت ان کے فاضل صاحبزادے ڈاکٹر حافظ حسن مدنی سنبھال چکے ہیں۔ حافظ عبدالرحمن مدنی کے دوسرے صاحبزادے حافظ انس مدنی نے ایک دوسرے ماہنامہ 'رشد' کی ادارت سنبھال کر جامعہ لاہور الاسلامیہ کے طلبہ میں تحریری صلاحیتیں اجاگر کرنے کی طرح ڈالی ہے۔ چنانچہ اس پرچے کے اکثر مضامین جامعہ مذکورہ کے طلبہ کے لکھے ہوتے ہیں۔ البتہ زیر نظر شمارہ جو قراءات نمبر (حصہ اوّل) کے نام سے نہایت مبسوط اور تقریباً سوا سات سو صفحات پر مشتمل ہے، میں موضوع کی مناسبت سے کئی قد آور شخصیات اور زعمائے عظام کے قرآن مجید کی متنوع قراءات، ان کی شرعی حیثیت اور ملحدین ومنکرین حدیث کی طرف سے پیدا کردہ اشکالات واعتراضات کے حوالے سے نہایت علمی اور مسکت مضامین موجود ہیں۔ متنوع قراءاتِ قرآنیہ کی حجیت وثبوت اور ان کے بارے میں کئی ایک جہتوں اور معلومات کے بارے میں اردو زبان میں اسے پہلا علمی خزانہ وذخیرہ کا مختصر مگر جامع انسائیکلو پیڈیا کہہ سکتے ہیں۔ ماہنامہ 'رشد' کے ناشرین کا کہنا ہے کہ موضوع کی مناسبت سے سو مضامین ان کو ملے جن میں سے اکثر مضامین وتراجم جامعہ لاہور الاسلامیہ کے فضلاء کے اپنے ہیں۔ مضامین میں کثرت کی وجہ سے اس خاص نمبر کو دو حصوں میں پیش کیا جا رہا ہے۔

اس پہلے حصے میں مفتی جماعت مولانا ابو محمد عبدالستار حماد، حافظ عبدالرحمن مدنی، مفتی تقی عثمانی، قاری محمد ادریس العاصم، قاری اظہار احمد تھانوی، محمد رفیق چودھری، قاری محمد ابراہیم میر محمدی کے علاوہ کئی اور زعماء وعلماء کرام کے مضامین ہیں، بعض غیر ملکی علمی شخصیات کے مضامین کے تراجم نے بھی خاص نمبر کی شان کو چار چاند لگا دیئے ہیں۔

زیر تبصرہ 'قراءات نمبر' میں ''مدارس دینیہ میں قراءت کی ضرورت'' اَحادیث میں واردشدہ قراءت، قرآن کے متنوع لہجے اور ان کی شرعی حیثیت، برصغیر میں تجوید قراءت کا آغاز کب ہوا؟ احادیث کی روشنی میں فن تجوید وقراءت، سبعہ اَحرف اور سبعہ عشرہ قراءات، قرآن کے سات حروف سے کیا مراد ہے؟ قراءات عشرہ کی اسناد وتواتر، مستشرقین کے اِعتراضات کے جوابات، منکرین قراءت کا رد، متنوع قراءات کے بارے میں اصلاحی وغامدی موقف اور اس کی تردید، مصحف مدینہ کی حیثیت، جیسے اہم موضوعات وعنوانات پر علمی وتحقیقی مضامین موجود ہیں۔ آخر میں مدارس اور بعض رسائل وجرائد کی خدمات قرآنیہ کا ایک اہم اشاریہ بھی درج ہے۔ یہ وقیع نمبر، ادارہ ماہنامہ 'رشد' ۹۹ جے بلاک ماڈل ٹاؤن لاہور' سے مل سکتا ہے۔

(ہفت روزہ اہل حدیث لاہور)

ماہنامہ 'رشد' جو باطل قوتوں سے قلمی جہاد کر رہا ہے، اس نے 'حرمت رسول ﷺ' نمبر کے بعد ایک اور ضخیم اور شان دار نمبر شائع کیا ہے: قراءات نمبر (جلد اوّل)

فتنہ انکار حدیث کی طرف سے ثابت شدہ قراءتوں کو 'فتنہ عجم' قرار دینے کے جواب میں طلبائے جامعہ لاہور